Niagara Multilingual Prevention / Education Problem Gambling Program,
Addiction Services, Hotel Dieu Health Sciences Hospital Niagara.

http://www.gamb-ling.com



جؤا اور لسانی ثقا فتی گروپ

جب هم اس نئے موضوع پر گفتگو کرتے ہیں تو ہمیں یه احساس هوتا ہے که هم
کسی خاص زبان بولنے اور سمهجنے والے گروپ کے مسائل پر گفتگو کر رہے ہیں اور
جب ہم کسی خاص ثقافتی گروپ کے بارے میں بات کرتے ہیں‌تو همارے پیش نظر
لسانی ثقافتی گروپ ہوتے ہیں

مسئله سب کے ساتھ ایک جیسا ہی ہے

سوال ہم جؤے کے بارے میں صرف لسانی ثقافتی گروپ سے ہی کیوں بات کریں
جواب دراصل جؤے کا مسئله سب کے ساتھ ایک جیسا ہے
فی الوقت جؤا عالمی طور پرانسانی‌تفریح کا زرئعه ہے تحقیق سے یه ثابت هوتاہے که
جؤے سے دلچسپی رکهنے رکهنے والے افراد کا تعلق هر طرح کے عوام سے

ہے پچانوے فیصد عوام‌جؤے کے نقصانا ت کے بارے میں جا نتے هوئے
بهی جؤے کی جانب راغب هوتے ہیں
یا پهلے ہی سے جؤے کی عادت میں مبتلا ہوتے ہیں

پانچ فیصد عوام جؤے کےمسائل کا شکار ہوتے ہیں
لسانی اقلیتی ثقافتی گروپ‌میں جؤا کهیلنے والے افراد کا تناسب بلکل وهی ہے جو
که عام آبا دی میں ہوتا ہے ( ایے آر ایف اسسٹڈی۱۹۹٦)

بہر حال ہماری زمہ داری یہ ہے کہ ہم جؤے کے مسئلے کو اتنی اہمیت نہ دیں
بلکے یہ سوچیں کہ یکسطرح معلو مات اور وسائل کو یکجا کر
کے ان افرا د کی مدد کی جائے جنکا تعلق لسانی اقلیتی ثقافتی گروپ سے
ہے تاکہ وہ جؤے کی عادت کا شکار نہ ہوں

چائینز فیملی لائف سروسزسسٹڈی (۱۹۹۸) کے مطابق یہ حقائق سامنے آئے ہیں کہ
چائینز کمیونٹی ٹورانٹو میں جؤا کھیلنے کا رجحان پورے کینیڈا کے بالغ عوام سے
بہت کم ہے

یہ بھی حقیقت ہے کہ جؤے کے مسائل اور لسانئ اقلیتی ثقافتی کمیونٹی کے بارے
میں بہت کم تحقیق کا کا م کیا گیا ہے اس صورت حال کے پیش نظر یہ ویب سائٹ
تیار کی گئی ہے اور اس ویب سائٹ کا مقصد ہے کہ یہ کام اپنی رفتار سے آگے بڑھتا
رہے اور وقتا فوقتا اس ویب سائٹ پر مکمل اور نئی معلو مات دی جائیں گیں

کیا لسانی اقلیتی ملٹی کلچر کمیو نٹی میں جوا کھیلنے کی عادات
مختلف ہیں

دراصل ملٹی کلچرل کمیونٹی اور اقلیتی لسانی کلچرل کمیو نٹی میں جوا کھیلنے
کی تمام عادات وہی ہیں جو عام طور پر دوسری قوموں میں ہوتی ہیں
ایک سر وے کے مطابق ذھنی امراض اور بری عادات کے سنٹر نے یہ تحقیق کی
ہے کہ مختلف کلچرز کے عوام میں جوئے کی عادت اس لیے ہوتی ہےکہ
وہ لوگوں میں گھل مل سکے

اپنے مسائل سے وقتی طور پر چھٹکارہ حاصل کرسکے
دیگر کلچرل گروپ کے لوگوں سے میل ملاقات کر سکے
سوسائٹی میں کوئی اونچا مقام حاصل کرسکے
مذہبی تہواروں کوشاندار طریقے سے منا سکے

جوئے کے ذریعہ سے بہت سے لوگ ہر طرح کے لوگوں میں گھلنے ملنے کی صلاحیت
رکھتے ہیں مختلف ثقافتی پس منظر رکھنے والے لوگ عام طور پر بہت سی مختلف

النوع تفریحات کا انتظام رکھتے ہیں اور اس کے علاوہ مختلف کھیلوں میں انکی ترجیحات بھی مختلف ہوتی ہیں مثلا اطالوی قوم کے لوگوں میں تاش کے پتوں سے کھیلنا انکا محبوب مشغلہ ہے چاہے وہ گھر میں یہ شوق پورا کریں یا اپنے کمیونٹی سنٹر میں اسی طرح ایشین بچے مہاجونگ یا فین ٹین کھیل بہت شوق سے کھیلتے ہیں فین کا مطلب ہے کسی برتن کو الٹا کرکے رکھنا جبکہ ٹین کا

مطلب ہے کہ پتھروں کو پھیلانا

جب ہم جوئے کی عادات اورلسانی اقلیتی ثقافتی گروپ کی بات کرتے ہیں تو امیگریشن کا مسئلہ بھی سامنے آتا ہے نئی زندگی، نیاماحول پناہ گزیں کے لیے ذہنی تناؤ کا باعث بنتا ہے کئی افراد اپنے ا نہی مسائل سے فرار حاصل کرنے کے لیے جوئے کی عادات کو اختیار کرتے ہیں

مختلف عالمی ثقافتی پس منظر رکھنے والے لوگ عام طور پر ایک نئے ماحول میں اپنی شنا خت برقرار رکھنے اور سماجی ماحول کا حصہ بن جانے کے لیے جوٗا کھیلنا اختیار کرتے ہیں

کی ثقافتی حلکو ں میں جوٗا کھیلنا سخت برا سمجھا جاتا ہے جس کی وجہ سے اگر کوی جوئے کی عادت پڑ گیا ہے کوی یہ ماننے کے لیے تیار ہوگا کہ انکی کمیونٹی میں جواری ہے اور اسے مدد کی ضرورت ہے

عام طور پر جواری کے خاندا ن پر یہ ذہنی دباؤ ہو گا کہ کسطرح اس مسئلے کاحل تلاش کیا جائے اور کسطرح اسکو بنیادی صحت عامہ مالی امداد اورقانونی امداد فراہم کی جائے

اس کے ساتھ ساتہ یہ اھم مسئلہ بھی پیش نظر رہے کہ چند لوگ مذہبی ا ور ثقافتی طور پرجوئے کی لت میں مبتلا رہتے ہیں جبکہ موجودہ ترقی یافتہ تہذیب میں جوٗا تفریح طبع کے طور پر کھیلا جاتا ہے بالخوص کینیڈامیں یہ تفریح ہر خاص وعام کے لیے باآسانی دستیاب ہے

کیونکہ جوئے جیسی تفریح سیاحوں کے لیے خاص کشش رکھتی ہے اس لیے ایک سے زائد زبانیں بولنے والے افراد کے لیے جوئے خانوں میں ملازمت کے مواقع وافرمقدار

میں دستیاب ہیں اس لیے ایسے افراد جو ملازمت کی تلاش میں سرگرداں ہوتے ہیں وہ باآسانی جؤاخانوں اورجؤاکھیلنے والے ھال میں مازمت حاصل کرنے میں کامیاب ھوجاتے ہیں یہی وجہ ہے کہ جوئے کے مسائل عمومی طور پر ان افرادمیں بہت زیادہ ہوتے ہیں جو جؤاخانوں میں ملازمت کرتے ہیں

سوال کیوں نہ ہم لسانی اقلیتی ملٹی کلچرل کمیونٹی کے بارے میں بات کریں

لسانی اقلیتی ملٹی کلچرل کمیونٹی کے لوگ جوئے کے مزاج کوسمجھ نہیں پاتے اوراپنے آپ کوصحیح طورپرپیش نہیں کرپاتے ہیں اوراس کی وجہ یہ ہے کہ انھیں بروقت رہنمائی حاصل نہیں ہوتی بالخصوص اپنی زبان کی وجہ سے ان لوگوں کومساوی درجہ حاصل نہیں ہوتا اسی وجہ سے انھیں کوئی خاص مقام حاصل نہیں ہو پاتا
اونٹاریو کی ھیلپ لائن کوجولائی دو ھزار اورتیس جون دو ھزار ایک تک سات ھزاردوسوچوراسی ٹیلی فون کالیں موصول ھویئں جن میں سے تین ھزارسات سوستہتر کالیں ایسی تھیں جنھوں نے صرف معلومات حاصل کیں البتہ تین ھزارپانچ سواڑتالیس

ٹیلی کالیں ایسی تہیں کہ جنھوں نے علاج کی سہولت حاصل کرنے کی درخواست کی تھی ان میں چوبیس کالیں ایسی بھی تھیں جنھوں نے انگریزی زبان کے علاوہ دیگرزبانوں زبانوں میں علاج کی سہولت کی درخواست کی تھی جن زبانوں میں علاج کی درخواست کی گئی تھی ان میں پنجابی سربئین کروشیئن ویت نامی منذرین پرتگالی فرانسیسی تامل ھسپانوی چینی پولینڈی فارسی اورجرمن زبانیں شامل ہیں
اونٹاریو کی ملٹی کلچرل کمیونٹی کے افرادایک سروے کے مطابق پچھترفیصدٹورانٹو کی آبادی جوکہ لسانی اقلیتی ثقافتی گروپ سے تعلق رکھتے ھیں آٹھ فیصدھملٹن کی آبادی کچنراورلندن کے بشمول اورتین اعشاریہ پانچ ٪ سینٹ کیتھرین اورنیاگراکے عوام شامل

تھے یہ حقیت ہے کہ نیاگرا اونٹاریومیں جؤاکھیلنے کے اڈےمسلسل کھل

رہیے ہیں اوربالخصوص دنیابھرمیں جوئے خانوں میں اضافہ ھورہاہے اس لیے لسانی ثقافتی گروپ کے لیے مزیدریسرچ کی ضرورت ہے اوراس مدمیں اونٹاریوپرابلم گیمبلنگ ریسرچ سنٹرنے ایک اعشاریہ چھ ملین ڈالرکی رقم مختص کی ہے جوخاص طورپر لسانی اقلیتی ثقافتی گروپس کے لیے تحقیق کاکام کرے گی اس کے نتیجے میں جوئے کے

مسائل پر قابو پانے میں مدد ملے گی اور جب مسائل کے حل کے لیے زیادہ معلومات ہوں گی تو لسانی اقلیتی ثقافتی گروپ کی بہتر طور پر رہنمائی کی جاسکے گی اور اونٹاریو میں جوئے کے مسائل حل کرنے میں آسانی ہو گی

لسانی ثقافتی گروپ کے لیے کار آمد کاروائی

جب ہم لسانی ثقاتی گروپ کے ساته بہت قریب ہو کر کام کرتے ہیں تو سب سے اهم مقصدیه سامنے آتا ہے که کسطرح دماغی صحت کے امرض پر قابو پایا جائے اور مؤثر انداز میں جوئے کے مسائل کو حل کرنے پر غور و خوض کیا جائے
آسڑیلیا میں مختلف النوع زبانوں کے کلچر کے لوگوں پر جوئے کے مسائل کے سلسلے میں تحقیق کی گئی ہے جس سے یه نتیجه سامنے آیا ہے که لسانی گروپ کو ایک خاص توجه کی ضرورت ہے جو زبان کے معاملے میں دوسری زبانوں کی قوموں میں رابطه پیدا کر سکے اور ان کے تعاون کے ساتھ ساتھ ایک باہمی فضا ہموار ہو سکے لیکن یه تب ہی ممکن جب ثقافت کی بنیاد پر اعتقاد روایات اور رویه مخلصانه ہو اور ثقافت کا دباؤ لسانی اور ثقافتی گروپ سے تھراپسٹ کو مذید معلومات فراہم کرتا ہو
اس سلسلے میں درج ذیل تدابیر بہت ضروری ہیں
شراکت داری اور تعاون کو فروغ دیا جائے
جانکاری کے پروگرام رکھے جائیں
مختلف زبانوں میں مسئلے پر گفتگو کی جائے
مختلف زبانوں میں کتابیں پمفلٹ شائع کئے جایئں
جو سماجی ادارے ان مسائل کے حل کے لیے کام کر رہے هیں ان کا لسانی ثقافتی گروپ کے ساتھ قریبی رابطه ہو

وه طریقئه کار جن سے کونسلرز اپنے ٹسٹ اور نسخے تبدیل کر سکتے ہیں

کچھ کونسلرز اپنی معلومات میں اضافے اور اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کے لیے ایسا

کرنے پر مجبور ہیں

ـ جوئے سے متعلق ثقافتی اور مذہبی رجحانات کا جائزہ لینے کے لیے
ـ ذهنی دباؤ کا عنصر معلوم کرنے کے لیے

- اس شخص کی ثقافت میں اس کے خاندان کے افراد کاکتناحصه ہے
- وقت کی اهمیت کا اندازه لگانے کے لیئے
- اس شخص کی زندگی میں طویل ملاقات کے وقت اور ان سے عہده برأه ہونے کی صلاحیت - یا مقرره وقت سے تاخیر سے پہنچنے عادت وغیره وغیره
- اہل خاندان میں اپنی ذمه داریوں سے عہده برأه ہونے کی صلاحیت اور اپنے ثقافتی حلقوں میں اپنا کردار بخوبی ادا کرنے کا احساس
- تاریخی ورثے کو سمھجنا اور اس کی روشنی میں جوئے جیسی لعنت کو اسی تناظر میں دیکھنا
- مریض کے جوئے کی عادت کو اس کی ثقافت کے پہلو سے سمھجنا اور سیکھنا
- مریض کے جوا کھیلنے کے عام طریقوں اس کے ثقافتی ورثے کی روشنی میں محسوس کرنا

Gamb-ling
Hotel Dieu Health Sciences Hospital, Niagara
http://www.gamb-ling.com